نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

7ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

490/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے مزید امدادی اشیاء کی پاکستان آمد

کراچی (7 ستمبر 2010 ء)___ امریکہ نے گزشتہ دو دنوں میں ہوائی جہازوں کے ذریعے مزید ہنگامی امدادی سامان پاکستان پہنچایا جس میں 85,850 کمبل اور پانی کے دس لیٹر والے 46,800 کین شامل ہیں۔

اب تک کی کُل امداد میں امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) پانی صاف کرنے کے 13 موبائل یونٹ، جن میں سے ہر ایک روزانہ اتنا پانی صاف کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو 60,000 لوگوں کی یومیہ ضرورت کو پورا کرنے کیلئے کافی ہے، صاف پانی کو محفوظ کرنے کے کیلئے 20,000 لیٹر حجم کے 10 بڑے مشکیزے، پانی کے دس لیٹر والے 151,750 کنٹینرز، زندگی بچانے والی ربڑ کی 58 زوڈیک کشتیاں، کنکریٹ کاٹنے والے 96 آرے اور بلیڈز، 194,380 کمبل اور سر چھپانے کے عارضی ٹھکانوں کی تعمیر کیلئے پلاسٹک کی 6,663 شیٹس فراہم کر چکا ہے۔ دبئی، اٹلی اور امریکہ میں موجود یو ایس ایڈ کے گوداموں سے لائی جانے والی یہ امدادی اشیاء اس ادارے کے اشتراک کاروں کی جانب سے مقامی طور پر خرید کر ضرورت مند افراد کو فراہم کئے جانے والے سامان کے علاوہ ہیں۔

اب تک امریکہ پاکستان کے عوام کے ہنگامی بنیادوں پر 216 ملین ڈالر (18.36 ارب روپے) سے زائد کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ حلال کھانوں، تیار شدہ پلوں اور انفراسٹرکچر کے دیگر سامان کی صورت میں سویلین اور فوجی امداد مہیا کرنے کے علاوہ پاکستان میں اشیاء کی نقل و حمل اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے تقریباً 26.3 ملین ڈالر (2.23 ارب روپے سے زائد) کی اعانت فراہم کر چکا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800